| | | | |
|---|---|---|---|
| دوسری سہ ماہی | جماعت: دوم | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبقی منصوبہ بندی: 1 |
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 7 | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

سبق کا نام: جانور

**حاصلاتِ تعلم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- اِن جانوروں کی فہرست بنا سکیں جو اپنے بچوں کو خوراک فراہم کرتے ہیں اور ان کی دیکھ بھال کرتے ہیں۔
- مختلف جانوروں کے رہنے کی جگہ بتا سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب، فلیش کارڈز

**سبق کا تعارف:** 5منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان "جانور" نمایاں کر کے لکھیں۔

طلبہ سے پوچھیں کہ:

خشکی اور پانی میں رہنے والے جانوروں کے نام بتائیں؟

اپنے ارد گرد کے جانوروں کے بارے میں بتائیں کہ وہ کہاں پائے جاتے ہیں؟

طلبہ کو بولنے کا موقع دیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

طلبہ کو بتائیں اِس سبق میں وہ جانوروں کے رہنے کی جگہ کے بارے میں جانیں گے۔

**طریقہ تدریس:** 20منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو بتائیں جس طرح آپ کے والدین آپ کی دیکھ بھال کرتے ہیں۔ آپ کے کھانے کا خیال رکھتے ہیں اُسی طرح جانور بھی اپنے بچوں کا بہت خیال رکھتے ہیں۔
- انھیں بتائیں پرندے اپنے بچوں کے رہنے کے لیے گھونسلا بناتی ہے۔ اور جب تک بچے اُڑنے کے قابل نہ ہو جائیں ان کی دیکھ بھال کرتی ہے۔ اور ان کے لیے دانا چُگ کر لاتی ہیں۔
- جانور جنگلوں میں رہتے ہیں اور دوسرے جانوروں کے شکار کی کوشش میں لگے رہتے ہیں اس لیے جانور خود سے زیادہ اپنے بچوں کا خیال رکھتے ہیں۔

- طلبہ کو متن کی مدد سے بتائیں۔ مختلف جانور مختلف جگہوں پر رہتے ہیں۔
- کچھ جانور صحرا میں رہتے ہیں، کچھ پہاڑوں میں اور کچھ پانی میں۔
- طلبہ کو بتائیں کن خصوصیات کی بنا پر جانور مختلف جگہوں پر رہتے ہیں۔
- طلبہ کو کہیں صفحہ نمبر 42 سے جانوروں کے گھر پڑھیں۔
- طلبہ کو بتائیں مچھلی پانی میں رہتی ہے۔ یہ خشکی پر زندہ نہیں رہ سکتی۔
- عقاب سب سے اُونچا اُڑنے والا پرندہ ہے۔ اِس لیے یہ اپنا گھونسلا بھی اُونچائی پر بناتا ہے۔

**اعادہ:** **3منٹ**

سبق کے اہم نکات کا اعادہ کرائیں۔

**جائزہ:** **5منٹ**

مشق جزو (ا) کا سوال (iii) کا جواب طلبہ سے پوچھیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کی گھر میں دہرائی کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

اپنے ارد گرد رہنے والے جانوروں کے نام، اُن کی خوراک اور رہنے کی جگہ کے بارے میں لکھیں۔

| سبقی منصوبہ بندی:2 | مضمون: واقفیتِ عامہ | جماعت: دوم | دوسری سہ ماہی |
|---|---|---|---|
| وقت: 40منٹ | تاریخ: ________ | ہفتہ 7 | اُستاد کا نام: ______ |

سبق کا نام: زراعت اور مویشی

**حاصلاتِ تعلم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- پاکستان میں اگائی جانے والی اہم فصلوں کے نام بتا سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب

**سبق کا تعارف:** 5منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان ''زراعت اور مویشی'' نمایاں کر کے لکھیں۔

طلبہ سے پوچھیں کہ:

ہمارے گھروں میں استعمال ہونے والی دالیں کہاں سے آتی ہیں؟

طلبہ کو جواب دینے کا بھرپور موقع دیں اور حوصلہ افزائی کریں۔

**طریقہ تدریس:** 15منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کتاب کے صفحہ نمبر 45 سے متن پڑھنے کو کہیں۔
- اس صفحہ پر دیے گئے ''اہم الفاظ'' کے معانی بتائیں۔
- طلبہ کو فلیش کارڈز کی مدد سے فصلیں دکھائیں اور ان کی وضاحت کریں۔
- طلبہ کو ''زراعت اور مویشی'' کا مطلب بتائیں۔
- طلبہ کو فصل کا مطلب سمجھائیں اور ان کی اہمیت سے آگاہ کریں۔
- انھیں بتائیں کہ کسان وہ ہیں جو مختلف فصلیں اگاتے ہیں اور ان فصلوں سے وہ لوگوں کو خوراک مہیا کرنے میں مدد فراہم کرتے ہیں۔
- انھیں پاکستان کی اہم فصلوں کے نام بتائیں۔ ♦ چاول ♦ گنا ♦ کپاس ♦ گندم

- انھیں زراعت کی اہمیت کے بارے میں بتائیں کہ پاکستان کی 70% آبادی دیہات میں رہتی ہے جو کہ زراعت کے پیشے سے منسلک ہے۔
- انھیں بتائیں کہ پاکستان کی فصلوں کو موسم کے اعتبار سے دو قسموں میں تقسیم کیا جاتا ہے۔
  - ♦ فصل ربیع
  - ♦ فصل خریف

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| دیہات | دِی۔ہات | بہت سے گاؤں |
| پیشَہ | پے۔شہ | کام/روزگار |
| مُنسِلک | مُن۔سَ۔لک | شامل |

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھایا گیا سبق دہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

مشق جزو(ا) کا سوال(i) کا جواب طلبہ سے پوچھیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کی گھر میں دہرائیں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

سبق میں دیے گئے اہم فصلوں کے نام خوش خط لکھیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| دوسری سہ ماہی | جماعت: دوم | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبقی منصوبہ بندی: 3 |
| اُستاد کا نام: ____ | ہفتہ: 7 | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

**سبق کا نام: زراعت اور مویشی**

## حاصلاتِ تعلم:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- پہچان سکیں کہ لوگ ان اگائی جانے والی فصلوں سے کس طرح مختلف قسم کی مصنوعات بناتے ہیں۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ فلیش کارڈز

## سبق کا تعارف: 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان ''زراعت اور مویشی'' نمایاں کر کے لکھیں۔

طلبہ سے پوچھیں کہ:

زرعی ملک سے کیا مراد ہے؟

طلبہ سے جواب لیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

## طریقہ تدریس: 15 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو کتاب کے صفحہ نمبر 45-46 سے متن پڑھنے کو کہیں۔ پڑھنے کے دوران میں طلبہ کو جہاں مشکل پیش آئے ان کی رہنمائی کریں۔
- متن میں دیے گئے اہم الفاظ کے معانی بتائیں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ فصلوں سے جو مصنوعات تیار ہوتی ہیں وہ ہمارے کس کام آتی ہیں؟
- انھیں بتائیں کھیتوں میں گندم بنائی جاتی ہے۔ جو ہماری روزمرہ زندگی میں استعمال ہوتی ہے۔ گندم سے روٹی، ڈبل روٹی، بن اور کیک وغیرہ بنتے ہیں۔
- طلبہ کو کپاس بننے والی اشیا کے بارے میں وضاحت سے بتائیں۔
- متن کی مدد سے طلبہ کو کپاس کی فصل سے کپڑے کی تیاری کے مختلف مراحل کی وضاحت کریں۔

- طلبہ کو کتاب کے صفحہ نمبر 46 پر دی ہوئی تصاویر میں موجود مختلف کپاس سے کپڑے تیار کرنے کے مراحل کو انگلی کے اشارے سے نمایاں کر کے دکھائیں۔
- طلبہ کو گنے سے حاصل ہونے والی اشیا کے بارے میں بتائیں۔ طلبہ کو بتائیں گنے سے ہمیں چینی، گڑ اور شکر حاصل ہوتی ہے۔
- طلبہ کو بتائیں پاکستان میں بننے والی مصنوعات دوسرے ممالک میں دی جاتی ہیں۔
- پاکستان میں بننے والا چاول دوسرے ممالک میں بہت زیادہ استعمال ہوتا ہے۔

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| چمڑا | چَم۔ڑا | کھال/جلد |
| نقش و نگار | نقش و نگار | بیل بوٹے/پھول پتی |

**اعادہ:** **2منٹ**

سبق کا خلاصہ پیش کریں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

مشق جزو (ا) کا سوال (iii) کا جواب طلبہ سے پوچھیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کی دہرائی کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

مختلف فصلوں کے بیج کمرہ جماعت میں لائیں اور اپنے ہم جماعت ساتھیوں کو بتائیں کہ وہ بیج کس فصل کے ہیں؟